آپ اور آپ کے اہل خانہ
کم قیمت پر یا بلا قیمت
صحت بیمہ کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔

تحفظ حاصل کریں

اختیارات کے بارے میں جانیں اور آج ہی سائن اپ کریں!

تصویر مذاق کی ہے جو صرف عکس بندی کے مقاصد کے لیے استعمال کی گئی ہے۔

Human Resources Administration
Department of Social Services

Department of Health and Mental Hygiene

NYC
Bill de Blasio
Mayor

Human Resources Administration
Department of Social Services

Steven Banks
Commissioner

Department of Health and Mental Hygiene

Mary T. Basset, MD, MPH
Commissioner

nychra | **nychealth**

@nychra | **@nychealthy**

Copyright 2016, The City of New York. Human Resources Administration/Department of Social Services. اس مواد کا کل یا بعض حصہ دوبارہ پیش کرنے کے لیے New York City Human Resources Administration سے رابطہ کریں۔

سائن اپ کے لیے تیار ہیں؟
ایک اختیار متنخب کریں اور شروع کریں۔

www.nystateofhealth.ny.gov پر ایک درخواست پُر کریں۔

NY State of Health ہاٹ لائن کو
855-355-5777 پر کال کریں۔

NYC 311

ایک **شخصی معاون**، جیسے **نیویگیٹر**، **درخواست سے متعلق مصدقہ صلاحکار** یا **منڈی کے مصدقہ سہولت یافتہ اندراج کنندہ** کا پتہ کرنے کے لیے 311 پر کال کریں جو جو ان کروانے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ شخصی طور پر مدد افراد، اہل خانہ، چھوٹے کاروبار اور ان کے ملازمین کے لیے دستیاب ہے۔

New York City Health Department **شخصی معاون** سے رابطہ کریں۔ اپنے قریب میں کسی کا پتہ کرنے کے لیے nyc.gov/health/healthcoverage پر جائیں۔

New York City HRA Medicaid Office میں جائیں۔
اپنے قریب میں کوئی مقام تلاش کرنے کے لیے
nyc.gov/hra/healthcoverage پر جائیں۔

مدد آپ کی زبان میں دستیاب ہے؛ بس بتائیں۔

NYC میں ہیلتھ کوریج اور نگہداشت کے اختیارات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہ کرم nyc.gov/hilink پر NYC Health Insurance Link ملاحظہ کریں



حسب مقدور نگہداشت کا ایکٹ (AFFORDABLE CARE ACT)،

جو "اوباما کیئر" (Obamacare) کے نام سے بھی معروف ہے، ہر کسی سے بیمہ کروانے کا تقاضہ کرتا ہے اور آپ کو درکار نگہداشت آپ اور آپ کے اہل خانہ کے لیے حاصل کرنا آسان بناتا ہے۔

آج ہی درخواست دیں: عوامی صحت بیمہ اور ESSENTIAL PLAN پورے سال دستیاب ہیں۔

نجی صحت بیمہ کے لیے کھلا اندراج 1 نومبر سے شروع ہو کر 31 جنوری تک ہے۔

مجھے صحت بیمہ کی ضرورت کیوں ہے؟

صحت بیمہ آپ کے بیمار ہونے کے وقت طبی نگہداشت اور مستقل چیک اپس کے لیے ادائیگی کرتا ہے جو ذیابیطس یا دمہ جیسی بیماریاں سنگین ہو جانے سے پہلے ان کے انسداد یا علاج میں مدد کر سکتا ہے۔ اس میں شامل ہیں:

- ڈاکٹر سے ملاقاتیں
- ایکسریز اور لیب کی جانچیں
- نسخہ والی دوائیں
- ذہنی اور رویہ جاتی صحت خدمات
- ماموگرافی ٹیکے
- ہسپتال میں نگہداشت

میرے اختیارات کیا ہیں؟

MEDICAID

کم آمدنی والے گھرانوں کے بچوں اور بالغوں کے لیے بلا قیمت صحت بیمہ فراہم کرتا ہے۔ 21 سال سے کم عمر کے بچے Child/Teen Health Program کے ذریعہ مفت اسکریننگز، علاج، اپائنٹمنٹس میں مدد اور نقل و حمل حاصل کر سکتے ہیں۔

CHILD HEALTH PLUS

Medicaid کے لیے اہل قرار نہیں پانے والے 19 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے کم قیمت پر یا بلا قیمت صحت بیمہ فراہم کرتاہے۔

ESSENTIAL PLAN

19 سے 64 سال کی عمر کے اہل قرار پانے والے ان افراد کے لیے کم قیمت پر یا بلا قیمت صحت بیمہ فراہم کرتا ہے جو Medicaid یا دیگر صحت بیمہ کوریج کے اہل نہیں ہیں۔

کم قیمت پر نجی صحت بیمہ اور مالی اعانت

نجی بیمہ کے لیے ادائیگی کرنے میں آپ کی مدد کے لیے دستیاب ہے۔

صحت منصوبہ آپ کے منتخب کرنے سے پہلے، پتہ کریں کہ آپ کا مستقل ڈاکٹر کون سے منصوبے قبول کرتا ہے۔

ترک وطنی کی حیثیت کے بارے میں کیا خیال ہے؟

صحت بیمہ کے لیے اہل قرار پانے کے لیے آپ کا امریکی شہری ہونا ضروری نہیں ہے۔

بیشتر **بچے اور حاملہ خواتین** اہل ہیں اگر وہ اہلیت کے دیگر تقاضے پورے کرتے ہوں، اور **غیر دستاویز بند والدین** اب بھی اپنے بچوں کے لیے صحت بیمہ حاصل کر سکتے ہیں۔

جو غیر دستاویز بند تارکین وطن بیمہ کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں وہ **ہنگامی طبی کیفیت کے علاج** کے لیے Medicaid کے اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ ہنگامی حالت پیش آنے سے پہلے www.nystateofhealth.ny.gov پر درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر میں کام کرتا ہوں تو، کیا میں اہل قرار پاتا ہوں؟

بہت سارے کام کاجی خاندان اور افراد کم قیمت پر یا بلا قیمت صحت بیمہ کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ بطور مثال، آمدنی والے یہ گروپ اب بھی Medicaid کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں:

- **بغیر بچے والے تنہا بالغان**
  جن کی کمائی $16,395 سالانہ یا $1,367 ماہانہ ہو
- **بغیر بچوں والے جوڑے**
  جن کی کمائی $22,108 سالانہ یا $1,843 ماہانہ ہو
- **چار افراد والے خاندان میں والدین**
  جن کی کمائی $33,534 سالانہ یا $2,795 ماہانہ ہو
- **چار افراد والے خاندان میں حاملہ خواتین**
  جن کی کمائی $54,189 سالانہ یا $4,516 ماہانہ ہو
- **چار افراد والے خاندان میں بچے**
  جن کے والدین یا سرپرست $37,422* سالانہ یا $3,119 ماہانہ کماتے ہوں

*** اس رقم سے زیادہ کمانے والے گھرانوں کے بچے اب بھی Child Health Plus کے ذریعہ کم قیمت پر یا بلا قیمت بیمہ کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔**

Medicaid کے لیے اہل قرار نہیں پانے والے افراد اور اہل خانہ نجی صحت بیمہ کے لیے ادائیگی کرنے میں مدد کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ بطور مثال:

- $97,000 سالانہ تک کمانے والا چار افراد کا خاندان نجی بیمہ کے لیے ماہانہ ادائیگیاں کم کرنے کے لیے ٹیکس کریڈٹ کے اہل قرار پا سکتا ہے۔
- $60,625 سالانہ تک کمانے والا چار افراد کا خاندان ماہانہ پریمیم کی ادائیگیوں اور نگہداشت کی دیگر لاگتوں کو کم کرنے کے لیے ٹیکس کریڈٹ اور کٹوتیوں کے لیے اہل قرار پا سکتا ہے۔

آمدنی کی سطحیں *1/1/2016* سے مؤثر ہیں اور تبدیل ہو سکتی ہیں۔